سوال

(971) ۶۵ کلومیٹر کے قریب روزانہ سفر کرنے والا نمازِ قصر ادا کر سکتا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک ملازم اپنے گھر سے تقریباً ۶۵ کلومیٹر کے قریب روزانہ ایک طرفہ سفر کرتا ہے۔ کیا وہ اپنے مقام ملازمت پر دوگانہ ادا کر سکتا ہے یا نہیں؟ اگر نہیں تو کیا یہ سفر قصر نماز کے لیے کافی نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مسافر ملازم کا اپنے مقامِ ملازمت میں دوگانہ پڑھنا درست نہیں، کیونکہ ایسا شخص حکماً مقیم ہی کہلاتا ہے۔ علامہ ابن الہمام نے ''فتح القدیر شرح ہدایہ'' میں اس کا نام وطن اقامت رکھا ہے، ہاں البتہ اگر دورانِ سفر کہیں نماز کا وقت ہو گیا تو وہاں دوگانہ پڑھنے کی اجازت ہے۔ اس لیے کہ یہ مسافر ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :791

محدث فتویٰ